# باب 13: یکساں مواقع

## مساویانہ مواقع کمیشن (Equal Opportunities Commission)

مساویانہ مواقع کمیشن (EOC) ایک آزاد قانونی ادارہ ہے جسے 1996 میں قائم کیا گیا تھا تاکہ ہانگ کانگ میں امتیازی سلوک سے متعلق آرڈیننس، یعنی جنسی امتیاز آرڈیننس (SDO)، معذوری کا امتیازی آرڈیننس (DDO)، خاندانی درجہ امتیاز کا آرڈیننس (FSDO) اور نسلی امتیاز آرڈیننس (RDO) کو نافذ کیا جا سکے۔

## انسداد امتیازی سلوک آرڈیننسز

فی الوقت ہانگ کانگ کے چار انسداد امتیازی سلوک آرڈیننس جنس، حمل، چھاتی کا دودھ پلانے، ازدواجی حیثیت، معذوری، خاندانی حیثیت اور نسل کی بنیادوں پر امتیازی سلوک کی ممانعت کرتے ہیں۔ امتیازی سلوک کی دو قسمیں ہیں - براہ راست امتیازی سلوک اور بالواسطہ امتیازی سلوک۔ براہ راست امتیازی سلوک تب واقع ہوتا ہے جب کسی شخص کو اس کی محفوظہ خصوصیت، جیسے اس شخص کی جنس، حمل، چھاتی کا دودھ پلانے، ازدواجی حیثیت، معذوری، خاندانی حیثیت یا نسل کی وجہ سے دوسرے شخص کے مقابلے میں کم ترجیح دی جاتی ہے۔ بالواسطہ امتیازی سلوک تب ہوتا ہے جب کوئی شرط یا تقاضا، جو کہ قابل جوائز نہیں، ہر کسی پر لاگو کر دیا جاتا ہے لیکن عملی طور پر ان افراد پر منفی اثر ڈالتا ہے جو مذکورہ بالا محفوظہ خصوصیت رکھتے ہیں۔ قانون سازی ہراسگی اور تذلیل سے بھی تحفظ فراہم کرتی ہے، بشمول جنسی ہراسانی اور نسلی توہین، لیکن صرف انہی تک محدود نہیں ہیں بلکہ ان کے علاوہ بھی ہو سکتے ہیں۔

**آرڈیننس پبلک ڈومین میں بہت ساری سرگرمیوں کا احاطہ کرتے ہیں، بشمول بنیادی طور پر:**

- ملازمت
- تعلیم
- سامان، خدمات اور سہولیات کی فراہمی
- احاطوں کا تصرف یا انتظام
- ووٹ دینے اور مشاورتی اداروں کے لئے منتخب ہونے یا تعینات ہونے کی اہلیت
- کلب اور کھیلوں کی سرگرمیوں میں شرکت
- حکومت کی سرگرمیاں

**SDO کے تحت کسی شخص کے ساتھ جنس، ازدواجی حیثیت، حمل یا بریسٹ فیڈنگ کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنا غیر قانونی ہے۔** SDO ملازمت، تعلیم، اشیاء، خدمات یا سہولیات کی فراہمی اور احاطوں کے استعمال یا انتظام کے امور میں کسی بھی شخص کو جنسی اور بریسٹ فیڈنگ ہراسگی سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ جنسی طور پر ہراساں کرنا کسی دوسرے شخص کے تئیں جنسی فطرت کا ناپسندیدہ طرزعمل ہے۔ اس میں شامل ہیں، لیکن صرف انہی تک محدود نہیں، افعال جیسا کہ کسی فرد کو چھونا، جنسی لطیفے بنانا یا جنسی عمل کا کہنا۔ بریسٹ فیڈنگ ہراسگی تب واقع ہوتی ہے جب کوئی شخص اس خاتون کے تئیں ناپسندیدہ طرزعمل کے ذریعے یا معاندانہ یا ڈرانے دھمکانے والا ماحول پیدا کر کے کسی خاتون کو اس کے چھاتی کا دودھ پلانے کے سبب ہراساں کرتا ہے۔

**DDO کے تحت، عوام الناس میں کسی معذور شخص کی تذلیل کرنا، یا امتیازی سلوک کرنا یا معذوری کی بناء پر کسی شخص کو ہراساں کرنا غیر قانونی ہے۔** معذوری کی ہراسگی میں وہ رویہ شامل ہوتا ہے جس سے کوئی معذوری کا حامل شخص، بے عزتی اور مجروع محسوس کرے جیسا کہ کسی شخص کی معذوری کے بارے میں غیر مہذب تبصرے، لطیفے، تصاویر اور متنی پیغامات وغیرہ۔ کسی منسوب معذوری یا کسی ساتھی کی معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے حوالے سے بھی تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔

**FSDO کے تحت، ایک شخص سے اس کے خاندان کی حیثیت کی بنا پر امتیازی سلوک کرنا غیر قانونی ہے۔** خاندانی حیثیت سے مراد کسی قریبی خاندانی رکن کی دیکھ بھال کے لئے ایک ذمہ داری کا حامل ہونے کی حیثیت ہے۔ ایک شخص کے قریبی خاندانی رکن سے مراد وہ فرد ہے جو اس شخص سے خون، شادی، گود لینے یا تعلق داری کے لحاظ سے ایک تعلق رکھتا ہے۔

**RDO کے تحت، کسی شخص سے اس کی نسل کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنا، ہراساں کرنا یا تذلیل کرنا غیر قانونی ہے۔** کسی شخص کے حوالے سے نسل سے مراد اس شخص کی نسل، رنگت، آباء و اجداد، قومی یا نسلی ماخذ ہے۔ نسلی ہراسگی میں ایسا رویہ شامل ہوتا ہے جو کسی خاص نسل کے فرد کو غصہ، تذلیل یا خوف کا احساس دے گا جیسا کہ کسی شخص کی نسل کے بارے میں گستاخانہ تبصرے، لطیفے، تصاویر، متن پیغامات وغیرہ۔

ایک شخص کو تب بھی قانون کی طرف سے تحفظ دیا جائے گا اگر اسے کسی شخص کو اس کے ساتھی کی نسل کے سبب یا کسی خاص نسل یا کسی خاص نسلی گروہ کا رکن ہونے سے منسوب کر کے امتیازی سلوک یا ہراساں کیا جاتا ہے۔

## EOC آپ کیلئے کیا کر سکتا ہے؟

کوئی بھی شخص جسے یقین ہے کہ اس نے آرڈیننس میں بیان کردہ امتیازی سلوک، ہراسگی یا توہین کا سامنا کیا ہے تو وہ EOC کو تحریری طور پر شکایت کر سکتا/سکتی ہے۔ EOC شکایت سے نمٹتے ہوئے انصاف اور غیر جانبداری کے اصولوں کی پابندی کرتے ہوئے، ایک "زد پذیر شخص پر مرکوز" طریقہ کار اپنانے کا پابند ہے۔ اگر شکایت کنندہ کو تحریری طور پر شکایت تیار کرنے میں دشواری ہو، تو وہ EOC آفس سے رابطہ کر سکتا/سکتی ہے۔ EOC آپ کی مشکلات کی جانچ کرے گا اور دی گئی معلومات کی بنیاد پر، غور کرے گا کہ آیا کوئی تحریری معاونت فراہم کی جائے۔

EOC عدالت یا ٹریبونل نہیں ہے۔ اسے امتیازی سلوک، ہراسگی یا توہین کرنے کے دعوؤں پر فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے۔ نہ ہی یہ قانونی امداد کی ایجنسی ہے۔ تاہم پھر بھی، EOC شکایات کی تحقیقات کر سکتا ہے اور اسے مصالحت کے ذریعے حل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ اگر کوئی معاملہ حل نہیں ہوتا، تو شکایت کنندہ قانونی مدد سمیت دیگر معاونت کے لیے EOC کو درخواست دے سکتا ہے۔ شکایت کنندہ کی طرف سے چار آرڈیننس کے تحت ڈسٹرکٹ کورٹ میں براہ راست قانونی کارروائیاں شروع کی جا سکتی ہیں۔

EOC اور چار احکام کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، برائے مہربانی www.eoc.org.hk پر EOC کی ویب سائٹ سے رجوع کریں، یا EOC کے دفتر سے رابطہ کریں۔ ترجمانی کی خدمت درخواست کرنے پر فراہم کی جائے گی۔

پتہ: 16/F, 41 Heung Yip Road, Wong Chuk Hang, Hong Kong

EOC کے کام کے بارے میں معلومات تک EOC کی موبائل ایپس کے ذریعے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے:

Available on the iPhone App Store 下載平機會 iPhone應用程式

ANDROID APP ON Google play 下載平機會 Android應用程式

ٹیلیفون: **2511-8211 (عمومی استفسارات کے لئے)**
**2106-2222 (انسداد جنسی ہراسگی ہاٹ لائن)**
ای میل: eoc@eoc.org.hk (صرف عمومی استفسارات کیلئے)
ویب سائٹ: www.eoc.org.hk
ایس ایم ایس استفسار سروس: 6972566616538
（短訊查詢服務）

امتیازی سلوک شکایت:
https://www.eoc.org.hk/eoc/graphicsfolder/ComplaintPICS.aspx
امتیازی سلوک پوچھ گچھ:
https://www.eoc.org.hk/eoc/graphicsfolder/enquirypics.aspx

دفتری اوقات کار: پیر تا جمعہ 8:45 بجے صبح – 5:45 بجے شام